Maulana Azad National Urdu University

B.A: (BAIS101CCT) I Semester Examination - December - 2017

Subject : Seerat, Pious Caliphate & Umayyad Period

پرچہ: سیرت نبوی، خلافت راشدہ اور اموی دور

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) مدینہ ہجرت کے بعد رسول اللہ ﷺ نے کس کے گھر قیام کیا؟

(a) ابوایوب انصاریؓ (b) سعد بن ابی وقاصؓ (c) ابو ہریرہؓ (d) حضرت طلحہؓ

(ii) پہلی ہجرت حبشہ کب واقع ہوئی؟

(a) ۳ بعثت نبوی (b) ۵ بعثت نبوی (c) ۷ بعثت نبوی (d) ۱۰ بعثت نبوی

(iii) جنگ بدر کس سنہ ہجری میں واقع ہوئی؟

(a) ۸ھ (b) ۶ھ (c) ۴ھ (d) ۲ھ

(iv) حضرت ابوبکر صدیقؓ کا دور حکومت کتنے سال رہا؟

(a) ۲سال (b) ۹سال (c) ۵سال (d) ۸سال

(v) جنگ قادسیہ کس خلیفہ کے دور میں واقع ہوئی؟

(a) حضرت علیؓ (b) حضرت عثمانؓ (c) حضرت عمرؓ (d) حضرت ابوبکرؓ

(vi) جنگ صفین کن کے درمیان واقع ہوئی؟

(a) حضرت عمرؓ اور امیر معاویہؓ (b) حضرت عائشہؓ اور حضرت علیؓ

(c) حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت علیؓ (d) حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت عائشہؓ

P.T.O

(vii) اموی حکومت کے بانی کون ہیں؟

(a) مروان بن حکم (b) امیر معاویہ (c) عبدالملک بن مروان (d) ولید اول

(viii) پانچویں خلیفہ راشد کون کہلائے؟

(a) ولید (b) یزید اول (c) ہشام بن عبدالملک (d) عمر بن عبدالعزیز

(ix) اندلس کس اموی خلیفہ کے دور میں فتح ہوا؟

(a) مروان ثانی (b) سلیمان (c) ولید بن عبدالملک (d) معاویہ ثانی

(x) یثرب کس شہر کا قدیم نام ہے؟

(a) مکہ (b) طائف (c) مدینہ (d) شام

حصہ دوم

(2) مکہ میں اسلام کی تبلیغ پر نوٹ لکھیے۔

(3) ہجرت حبشہ پر ایک نوٹ لکھیے۔

(4) حضرت علیؓ کے حالات زندگی پر تحریر لکھیے۔

(5) عبدالملک بن مروان کی شخصیت اور اہم کارناموں پر روشنی ڈالیے۔

(6) اولیات عمرؓ پر مضمون لکھیے۔

(7) اموی حکومت کا قیام کیسے عمل میں آیا؟ مختصر جائزہ لیجیے۔

(8) غزوۂ احد کے اسباب و نتائج پر مضمون لکھیے۔

(9) حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے کارناموں پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

(10) صلح حدیبیہ اور فتح مکہ پر تفصیلی مضمون قلمبند کیجیے۔

(11) حضرت ابوبکر صدیقؓ کی حیات کا مختصر جائزہ لیتے ہوئے ان کے دور زندگی کے اہم واقعات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(12) اموی دور حکومت میں نقلی علوم کے فروغ اور اشاعت پر تفصیلی مضمون قلمبند کیجیے۔

(13) اموی دور حکومت کی فتوحات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(14) خلفائے راشدین کے دور میں انتظام مملکت کو تفصیل سے واضح کیجیے۔

☆☆☆